
# سبق 26 قلقلہ والے حروف


اَقْ اَطْ اَبْ
اَجْ اَدْ


کسی حرف پر سکون آئے اور اس کی آواز کو تھوڑا سا زیادہ کردیں تو اس کو قلقلہ کہتے ہیں، یہ صرف پانچ حروف پر ہوتا ہے، قْ، طْ، بْ، جْ، دْ، یاد رکھنے کے لیے اس کی زبر والے الف کے ساتھ پریکٹس کیجیے: اَقْ، اَطْ ، اَبْ ، اَجْ ، اَدْ۔ قلقلہ والے حروف پر سکون کی علامت اس طرح دی گئی ہے: (ـْـ)

## 12 قلقلہ والی نظم


یہاں پر پانچوں حروف قلقلہ کی مثال الف پر زبر (اَ) کے ساتھ دی گئی ہے، لیکن حروف قلقلہ کسی بھی حرف کے بعد آسکتے ہیں۔









یہاں نظم میں ہم قلقلہ والے پانچ حروف میں سے باء کو لیتے ہیں۔




آپ باء کی نظم کو کسرہ (مِبْ، بِبْ، وِبْ ---) اور ضمہ (مُبْ، بُبْ، وُبْ ---) کے ساتھ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

اس طرح بقیہ چاروں قلقلہ والے حروف (قْ، طْ، جْ، دْ) کی نظم بھی پڑھ سکتے ہیں۔

# مشق: قلقلہ والے حروف

1- اگر قلقلہ والے حروف (قْ، طْ، بْ، جْ، دْ) میں سے کوئی ایک حرف کسی لفظ کے درمیان میں آتا ہے تو یہ ایک عام قلقلہ ہوگا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| خَلَقْنَا<br>ہم سب نے پیدا کیا | رَزَقْنٰهُمْ<br>ہم سب نے رزق دیا ان سب کو | مَطْلَعِ<br>طلوع ہونے کی جگہ | يُطْعِمُ<br>وہ کھلاتا ہے |
| اِبْنُ | عَبْدُ | سُبْحٰنَ | اِبْرٰهِمَ |
| قَبْلِ | قَبْلِكَ | قَبْلِهِمْ | قَبْلِكُمْ |
| تَجْرِى | يَجْعَلُ | مُجْرِمِيْنَ | اَجْمَعِيْنَ |
| قَدْ | فَقَدْ | لَقَدْ | وَلَقَدْ |
| عَدْنِ | اَدْرٰكَ | يَدْعُوْنَ | تَدْعُوْنَ |

2- اگر قلقلہ والے حروف (قْ، طْ، بْ، جْ، دْ) میں سے کوئی حرف لفظ کے آخر میں ہو تو یہ قلقلہ بہت مضبوط ہوگا، نیچے دیے گئے الفاظ کے آخر میں قلقلہ والا حرف ہے اور اس حرف پر سکون ہے، ایسا اکثر وقف یعنی رکنے کی حالت میں ہوتا ہے۔

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| خَلَقْ | مُحِيْطْ | وَقَبْ | اَزْوَاجْ | اَحَدْ |